فوری ریلیز کے لیے: 28/7/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کا یونائیٹڈ یونیورسٹی پروفیشنز کے ساتھ پانچ سالہ لیبر معاہدے کی توثیق کا اعلان

UUP کے ارکان کی بھاری اکثریت کی حمایت سے معاہدہ منظور

ملک کی اعلیٰ تعلیم کی سب سے بڑی یونین ہے UUP کے ساتھ معاہدہ SUNY سسٹم کے تقریباً 42,000 فیکلٹی اور پیشہ ورانہ عملے کا احاطہ کرتا ہے

معاہدے میں سالانہ تنخواہوں میں اضافے، مقام کی بنیاد پر دی جانے والی اضافی ادائیگی میں اضافے، اور صحت سے متعلق فوائد میں اپ ڈیٹس شامل ہیں

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج یونائیٹڈ یونیورسٹی پروفیشنز (United University Professions, UUP) کے ساتھ پانچ سالہ لیبر معاہدے کی توثیق کا اعلان کیا جس میں SUNY کے تقریباً 42,000 تدریسی اور پیشہ ور ملازمین شامل ہیں۔ 1 جولائی 2031 تک نافذ رہنے والے، اس معاہدے کو ووٹ ڈالنے والے UUP کے 98 فیصد ارکان نے منظور کیا۔

"یہ معاہدہ یونائیٹڈ یونیورسٹی پروفیشنز کے محنتی ارکان پر سرمایہ کاری کرتا ہے، SUNY کے لیے ان کی خدمات کو تسلیم کرتا ہے اور ساتھ ہی نیو یارک کے سرکاری یونیورسٹی کے نظام اور اس کی باصلاحیت افرادی قوت کے لیے میری انتظامیہ کی حمایت کو بھی نمایاں کرتا ہے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "میں UUP کے پُرعزم ارکان کا شکریہ ادا کرتی ہوں، جو عالمی معیار کی تعلیم اور ضروری معاونت کے ذریعے طلبہ کو آئندہ کے چیلنجز کے لیے تیار کر کے اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ ہماری ریاستی یونیورسٹیز کے طلبہ مسلسل ترقی کریں اور کامیاب ہوں، اور بدلے میں یہ کوشش ریاست نیو یارک کے مستقبل میں ایک قابلِ قدر سرمایہ کاری ہے۔"

یونائیٹڈ یونیورسٹی پروفیشنز کے صدر Frederick E. Kowal (فریڈرک ای کووال) نے کہا، "میں گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے ہمارے ساتھ ایسے معاہدے پر کام کرنے کے لیے آمادگی ظاہر کی جو ہمارے ارکان کی تدریس، طلبہ کی معاونت، علاج اور زندگی بدل دینے والی تحقیق میں انجام دی جانے والی اہم خدمات کو تسلیم کرتا ہے۔ گورنر سرکاری اعلیٰ تعلیم کی اہمیت کو سمجھتی ہیں، ایک متوسط طبقے کی تشکیل میں یونینز کے مرکزی کردار کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہیں اور ان مشکل حالات میں کارکنوں کے ساتھ گہری وابستگی کا اظہار کرتی ہیں۔"

SUNY کے چانسلر John B. King Jr. (جان بی کنگ جونیئر) نے کہا، "SUNY کی اعلیٰ تعلیمی کارکردگی ہمارے شاندار تدریسی ارکان اور عملے کی قابلیت کی عکاس ہے۔ نیو یارک کے باشندے عالمی معیار کی تعلیم، انقلابی تحقیق اور اسکالرشپ، طبی معاونت اور مہارت اور دیگر اہم ضروریات اور سروسز کے لیے SUNY پر انحصار کرتے ہیں۔ ہم گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) کا یہ بجا طور پر حاصل کردہ معاہدہ یقینی بنانے اور ہمارے عالمی معیار کے تدریسی ارکان اور عملے کی حمایت کرنے پر شکریہ ادا کرتے ہیں۔"

ریاستی سینیٹر Toby Ann Stavisky (ٹوبی این اسٹاوسکی) نے کہا، "معاہدے کی توثیق کی خبر سن کر مجھے بہت خوشی ہوئی۔ SUNY کے تدریسی ارکان اور پیشہ ور عملہ ہمارے سرکاری جامعاتی نظام کا دل ہیں۔ وہ ہمارے

طلبہ کو تعلیم دیتے ہیں، تحقیق کو آگے بڑھاتے ہیں، اور ہماری ریاست کے ہر گوشے میں نیو یارک کے شہریوں کے لیے مواقع کے دروازے کھولتے ہیں۔ اس معاہدے تک پہنچنے کے لیے UUP کے صدر Dr. Kowal (کووال)، چانسلر King (کنگ)، اور گورنر Hochul (ہوکل) کی کوششوں پر میں ان کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔ جب ہم آئندہ نسل کو تیار کرنے والے افراد پر سرمایہ کاری کرتے ہیں، تو ہم SUNY اور نیو یارک کے مستقبل کو مضبوط بناتے ہیں۔"

رکن اسمبلی Alica J. Hyndman (الیشیا جے ہنڈمین) نے کہا، "اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک (State University of New York, SUNY) میں بہترین صلاحیتوں کے حامل افراد کو راغب کرنے کے لیے ضروری ہے کہ انہیں موجودہ حالات کے مطابق معاوضہ دیا جائے۔ SUNY نظام کے 42,000 تدریسی ارکان اور پیشہ ور عملہ ایسی تنخواہوں، مراعات اور نگہداشتِ صحت کے حقدار ہیں جن کی بدولت وہ امپائر اسٹیٹ میں اچھی زندگی گزار سکیں اور ترقی کر سکیں۔ جب تدریسی ارکان اور عملہ مالی مشکلات میں گھرے رہنے کے بجائے اطمینان سے زندگی گزار سکیں گے، تو وہ طلبہ کی رہنمائی پر توجہ دے سکیں گے تاکہ وہ مستقبل کے رہنما بنیں اور کامیابی کی نئی بلندیوں تک پہنچیں۔"

توثیق شدہ معاہدے میں پانچوں سال کے دوران تنخواہ میں بالترتیب کچھ یوں اضافہ شامل ہے: 4.5 فیصد، 4 فیصد، 3.5 فیصد، 3 فیصد اور 3 فیصد۔ معاہدے میں لوکیشن پے اور مخصوص یونٹ سے متعلق کئی دیگر ادائیگیوں میں بھی اضافہ شامل ہے۔ ارکان کو قبل از پیدائش 20 گھنٹے کی بامعاوضہ چھٹی بھی ملے گی اور بیماری کی چھٹی جمع کرنے کی حد میں اضافہ کیا جائے گا۔ معاہدے میں صحت کی انشورنس سے متعلق ایسی دفعات بھی شامل ہیں جو بعض مشترکہ ادائیگیوں کو ختم کرتی ہیں اور نیٹ ورک میں شامل خدمات فراہم کنندگان کے استعمال کی ترغیب دیتی ہیں۔ اس سے خدمات کے لیے منصوبے کی متوقع لاگت کم ہو گی اور ہمارے ملازمین کے لیے مستقبل میں پریمیم میں ہونے والے اضافے کو محدود کرنے میں مدد ملے گی۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے
press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔